**PRESS RELEASE**

For immediate release

February 26, 2025

## PKR 2.25 trillion raised by Government through Ijarah Sukuk since December 2023

**Islamabad, Feb 26** – The Securities & Exchange Commission of Pakistan has helped the DMO in conducting 18 auctions and raising a gross amount of PKR 2.25 trillion by issuing Ijarah Sukuks Since December 2023. Trading volumes in secondary market have also been increasing gradually as the market participants become familiar with this system. The initiative is the result of active collaboration of the stakeholders including MOF, DMO, SECP, SBP, CMIs, banks, mutual funds and brokers.

Traditionally, Government Debt Securities (GDS) were issued and traded in over-the-counter market. In December 2023, the Ministry of Finance (MOF) decided, with the approval of the Federal Government, to utilize the services of capital market institutions (CMIs) for issuance, registration, trading, settlement and transfer of shariah compliant GDS. The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) supported the MOF in this decision and worked closely with the DMO and the CMIs in its implementation.

Issuance, registration, trading, settlement and transfer of GDS through CMIs required amendments by the Federal Cabinet in Rules pertaining to GDS, amendments in Regulations by the CMIs, and development and deployment of relevant processes, procedures and software. Extensive support was also provided by market participants including banks, mutual funds and the brokerage industry.

Various steps have been taken by CMIs with the approval of SECP over the last few months to support the GDS market, including rationalization of brokerage commission, revaluation mechanism based on brokers quotation model, same day settlement and direct access to the secondary market trading for banks and mutual funds, among others.

These initiatives aims to enhance transparency, competition, efficiency and tax collection in the domestic debt market by ensuring confidentiality of bids, providing electronic trading platform, widening the distribution network including banks and brokers, standardizing the trading and payment systems, promoting the use of technology, creating the necessary checks and balances among the trading/payment/transfer systems, availability of all relevant information on a single platform etc.

SECP remains committed to working closely with the MOF for development of the domestic debt market. Greater transparency, wider outreach, more competition, standardized processes, and necessary checks and balances lead to higher investor confidence and market efficiency. This initiative is leading in the right direction and broadening the opportunities for investors as well as the government, and contributing to the country's economic growth.

حکومت نے دسمبر 2023 سے اب تک اجارہ سکوک کے ذریعے PKR 2.25 ٹریلین جمع کیے۔

اسلام آباد، 26 فروری؛ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (DMO) نے ڈی ایم او کی مدد کی ہے تاکہ 18 نیلامیوں کا انعقاد کیا جاسکے اور دسمبر 2023 سے اجارہ سکوک کے اجرا کے ذریعے مجموعی طور پر PKR 2.25 ٹریلین کی رقم جمع کی جاسکے۔ ثانوی مارکیٹ میں تجارتی حجم بھی بتدریج بڑھ رہا ہے کیونکہ مارکیٹ کے شرکاء اس نظام سے واقف ہو رہے ہیں۔ یہ اقدام مختلف فریقین، بشمول وزارت خزانہ (MOF)، ڈی ایم او، ایس ای سی پی، اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP)، کیپیٹل مارکیٹ اداروں (CMIs)، بینکوں، میوچل فنڈز اور بروکرز کے درمیان فعال تعاون کا نتیجہ ہے۔

حکومتی قرضہ سیکیورٹیز (GDS) کا اجرا اور خرید و فروخت اوور دی کاؤنٹر مارکیٹ میں ہوتی تھی۔ دسمبر 2023 میں، وزارت خزانہ (MOF) نے وفاقی حکومت کی منظوری سے کیپیٹل مارکیٹ اداروں (CMIs) کی خدمات کو شریعت کے مطابق حکومتی قرضہ سیکیورٹیز کے اجرا، رجسٹریشن، ٹریڈنگ، سیٹلمنٹ اور منتقلی کے لیے استعمال کرنے کا فیصلہ کیا۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اس فیصلے میں وزارت خزانہ کی حمایت کی اور اس کے نفاذ میں ڈی ایم او اور سی ایم آئیز کے ساتھ قریبی تعاون کیا۔

کیپیٹل مارکیٹ اداروں (CMIs) کے ذریعے حکومتی قرضہ سیکیورٹیز (GDS) کے اجرا، رجسٹریشن، ٹریڈنگ، سیٹلمنٹ اور منتقلی کے لیے وفاقی کابینہ کی جانب سے GDS سے متعلق قواعد میں ترامیم، CMIs کی جانب سے ضوابط میں تبدیلیاں، اور متعلقہ عمل، طریقہ کار اور سافٹ ویئر کی تیاری اور نفاذ درکار تھا۔ اس اقدام میں بینکوں، میوچل فنڈز اور بروکریج انڈسٹری سمیت مارکیٹ کے شرکاء نے بھی بھرپور معاونت فراہم کی۔

یہ اقدامات ملکی قرضہ مارکیٹ میں شفافیت، مسابقت، کارکردگی اور ٹیکس وصولی کو بہتر بنانے کے لیے کیے گئے ہیں، جن میں بولیوں کی رازداری، الیکٹرانک ٹریڈنگ، تقسیم کے نیٹ ورک کی توسیع، معیاری ٹریڈنگ و ادائیگی نظام، ٹیکنالوجی کا فروغ، اور چیک اینڈ بیلنس کے نفاذ کو یقینی بنایا گیا ہے۔

ایس ای سی پی ملکی قرضہ مارکیٹ کی ترقی کے لیے وزارت خزانہ کے ساتھ قریبی تعاون کے عزم پر قائم ہے۔ زیادہ شفافیت، وسیع رسائی، مسابقت میں اضافہ، معیاری طریقہ کار اور ضروری چیک اینڈ بیلنس سرمایہ کاروں کے اعتماد اور مارکیٹ کی کارکردگی کو بہتر بناتے ہیں۔ یہ اقدام درست سمت میں گامزن ہے، جو نہ صرف سرمایہ کاروں اور حکومت کے لیے نئے مواقع پیدا کر رہا ہے بلکہ ملکی اقتصادی ترقی میں بھی معاون ثابت ہو رہا ہے۔